# PRESS RELEASE

For immediate release
January 14, 2021

## SECP aims to liberalize Non-Bank financial sector through promoting self- regulation

ISLAMABAD, January 14: In pursuance of its reforms agenda for reforming the non-bank financial services, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued draft Self-Regulatory Organizations (Registration) Regulations, 2021 for soliciting public comments.

These transformational regulations, being introduced for the first time under the SECP Act 1997, are intended to promote establishment of self-regulatory organizations (SROs), to inculcate self-discipline and collective responsibility amongst market players, with a view to enhance investor confidence. Internationally, there has been a shift towards self-regulation; typically involving a unique combination of private interests with government oversight, as it offers an effective and efficient form of regulation for the complex, dynamic and ever-changing financial services industry. A SRO, having certain degree of regulatory authority over an industry or profession, can serve as a collective forum for advancing objectives of an industry through adoption of higher standards of operations, promote fair practices, encourage efficient complaint handling mechanisms for improved customer experience and enhance research and development functions.

The draft regulations cover the parameters for registration and regulation of companies that are eligible to be registered as a SRO under the SECP Act, 1997, and lays down fit and proper criteria applicable on its promoters, directors, chief executive and chairman of board of directors. The regulations also specify the obligations and functions of a SRO and enable them to make regulations designed to improve transparency and fair play, screening, certification and training requirements, measures to reduce conflicts of interest, and improved compliance with the code of corporate governance.

The draft Self-Regulatory Organizations, (Registration) Regulations 2021 have been placed on SECP's website and can be accessed at following web-address: https://www.secp.gov.pk/document/s-r-o-16-i-2021-draft-self-regulatory-organizations-registration-regulations-2021-for-soliciting-public-opinion/?wpdmdl=41193&refresh=5ffd754dd69641610446157

Interested entities, stakeholders and the general public can submit their comments on the draft within thirty days from the date of its notification. The draft regulations will be finalized in the light of stakeholder consultation and subsequently notified after due regulatory process.

# ایس ای سی پی نے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا

اسلام آباد (جنوری 14): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے فنانشل سروسز مارکیٹ کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے پیش نظر سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز (رجسٹریشن) ریگولیشنز 2021 کا مسودہ عوام اور شفاکت داروں کی آراء حاصل کرنے کے لئے جاری کر دیا ہے۔ ایس آر اوز کی ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے اور دلچسپی رکھنے والے افراد اور ادارے اس حوالے سے 30 دن اپنی آراء و تجاویز ایس ای سی پی کو بھجوا سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی ایکٹ 2017 کے تحت پہلی بار متعارف کروائے گئے ان ضوابط کا مقصد نان بینکنگ فنانشل سیکٹر میں سلف ریگولیشن کے تصور کو اجاگر کرنا، اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بڑھانا اور کاروباری اخلاقیات کے حوالے سے اجتماعی ذمہ داری پیدا کرنے کے لئے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز کے قیام کو فروغ دینا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سلیف ریگولیشنز کا تصور تیزی سے فروغ پا رہا ہے جس میں مالیاتی ادارے ریگولیٹری اور سائٹ کے ساتھ ساتھ خود کو اپنی ایسوی ایشن کے تحت بہترین کاروباری اصولوں کا پابند بناتے ہیں۔ سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن ایک غیر منفاع بخش ادارے ہوتا ہے جو کہ اپنی متعلقہ شعبے یا انڈسٹری کے اندر اصولوں کے نفاذ کے لئے ایک حد تک ریگولیٹری اتھارٹی حاصل ہوتی ہے۔ ایس ار اوز، کاروباری آپریشنز اور اصولوں کے اعلیٰ معیارات کو اپنے ممبران میں نافذ کر کے کاروبار کے منصفانہ طریقوں، صارفین کی شکایت کے ازالے اور متعلقہ شعبے میں تحقیق اور ترقیاتی کاموں کی حواصلہ افزائی کے اقدامات کے لئے اجتماعی پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں۔

ایس آر اوس کے مجوزہ ریگولیٹری مسودے میں سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کی رجسٹریشن اور ادارے کے پروموٹرز، ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے لئے مناسب و موزوں اہلیت کے معیارات تجویز کئے گئے ہیں جبکہ سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کے فرائض و ذمہ داریوں کی بھی وضاحت کی گئی ہے جس سے ان آرگنائزیشن کو میں شفافیت، جانچ پڑتال، سرٹیفکیشن اور تربیت کے تقاضوں (شرائط)، مفادات کے تنازعات کو کم کرنے کے اقدامات اور کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ اخلاق کی تعمیل میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔ ایس آر اوز کی ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
دلچسپی رکھنے والے ادارے، سٹیک ہولڈر اور عوام الناس نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے تیس دن کے اندر اندر اپنی تجاویز و آراء ایس ای سی پی کو بھجوا سکتے ہیں۔ سٹیک ہولڈرز کی تجاویز و آراء کی روشنی میں مجوزہ مسودے کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اور باضابطہ منظوری کے بعد اس کا اجراء کر دیا جائے گا۔

## ٹکرز:

- ایس ای سی پی نے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز ریگولیشنز 2021 کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا
- ترامیم کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہے
- سٹیک ہولڈرز کی تجویزاو آراء کی روشنی میں نئے ضوابط کو حتمی شکل دی جائے گی

- ترمیمی مسودے میں سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کے فرائض وذمہ داریوں کی وضاحت کی گئی ہے
- پروموٹرز، ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے لئے مناسب وموزوں معیار اہلیت متعین کئے گئے ہیں